تبصرہ کتب

☆ تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا بھیجنا ضروری ہے

☆ کتابیں دفتر وفاق ملتان کے ایڈریس پر بھجوایئے

حیاتِ نافع

مولف: ڈاکٹر حافظ محمد سعد اللہ۔ صفحات: 672۔ طباعت: عمدہ۔ قیمت: 800 روپے ملنے کا پتا: دارالکتب، یوسف مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 0321-4650131

محقق اہل سنت حضرت مولانا محمد نافع صاحب رحمۃ اللہ علیہ یکتائے روزگار شخصیت تھے۔ انہوں نے صحابہ و اہلبیت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حوالے سے بعض نازک لیکن اہم موضوعات پر قلم اٹھایا اور جانیے کہ حق ادا کردیا۔ ''رحماء بینہم'' ''بنات اربعہ'' ''بنی ہاشم اور بنی امیہ کی رشتہ داریاں'' ، ''حدیث ثقلین'' ، ''مسئلہ اقرباءنوازی'' ، ''سیرت سیدنا علی المرتضیٰ'' ''سیرت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ'' ۔ وغیرہ۔ آپ کی معرکۃ الآراء کتابیں ہیں۔ ان کتابوں میں نفس موضوع پر علمی تحقیق، اسلوب میں متانت، حوالہ جات میں دیانت، نتائج فکر میں تعمق بھرپور انداز میں جلوہ گر ہیں۔ آپ کی کتابوں نے علمی حلقوں سے بھرپور داد وصول کی۔

حضرت علامہ محمد نافع رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حیات مستعار کی سو سے زائد بہاریں دیکھیں اور 31 دسمبر 2014ء کی آخری گھڑیوں میں داعی اجل کو لبیک کہہ کر اس جہانِ فانی سے رخصت ہوگئے۔

''حیات نافع''......آپ کی سوانح کا دلپذیر اور حسین مرقع ہے۔ جسے آپ کے ایک شاگرد جناب ڈاکٹر حافظ سعد اللہ صاحب (ایڈیٹر اردو دائرہ معارف اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور) نے ترتیب دیا ہے۔ کتاب کے سولہ ابواب ہیں۔ ۱: خاندانی پس منظر، آباء واجداد ۲: ولادت اور تعلیم وتربیت۔ ۳: درس وتدریس اور فتویٰ نویسی، ۴: بطور داعی ومبلغ کردار، ۵: بطور مناظر کردار، ۶: جامعہ محمدی کے لیے تعاون وخدمات، ۷: تحریک تحفظ ختم نبوت اور سانحہ جسو بلیل میں کردار، ۸: تصنیفات، تعارف وتبصرہ، ۹: تصنیفات کا تحقیقی منہج واسلوب، ۱۰: سماجی تعلقات، معاملات اور خدمات، ۱۱: عام اخلاق وعادات اور معمولات، ۱۲: اوصافِ حمیدہ وخصائل حسنہ، ۱۳: نکاح اور اولاد، ۱۴: علالت و وفات، ۱۵: تعزیتی پیغامات وتاثرات۔ ۱۶: مولانا محمد نافع ......علماء وقت کی نظر میں۔

غرض اس مجموعے میں آپ حیات مبارکہ کے ہر گوشے پر تفصیلی مواد پیش کیا گیا ہے۔

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دام ظلہم مولانا محمد نافع رحمہ اللہ کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار یوں